مفید پرچہ

اس بات کو سمجھنا کہ آپکا بچہ کیسے اور کیوں باتیں کرتا ہے

کمیونیکیشن لوگوں کے درمیان سرگرم پارٹنر شپ ہے جسمیں ایک سے زیادہ الفاظ شامل ہوتے ہیں۔ ہم ایک دوسرے سے باتوں، باؤبھاؤ، چھوکر اور چہرے کے تاثرات کے ذریعہ کمیونیکیٹ کرتے ہیں۔ کامیاب ترسیل وہ ہے جسمیں کہنے والے کی بات سننے والا پوری طرح سمجھ جائے۔

مخصوص ضرورتوں والے بچے اسطرح اپنی بات کہہ سکتے ہیں کہ دیگر لوگوں کو اسکی بات سمجھنے میں دشواری ہوسکتی ہے۔ آپکی بچی کوئی لفظ استعمال نہیں کررہی ہے لیکن جب وہ آپکو کپ بورڈ کے نزدیک لے جاتی ہے تو آپ جان جاتے ہیں کہ وہ کوکیز مانگ رہی ہے۔

آپکی بچی کیسے اپنی باتیں کہہ رہی ہے اور اسکی وجوہات جاننا کہ وہ کیوں کمیونیکیٹ کررہی ہے، کو سمجھنا بچے کے بات کرنے کی صلاحیت کو بڑھانے اور انہیں بات کرنے کے دیگر طریقوں کو سیکھانے میں معاون و مددگار ہوگا۔

کوئی بچہ کسطرح بات کرتا ہے:

ہم پہلے ہی ذکر کرچکے ہیں کہ ترسیل کے کئی طریقے ہیں جیسے اشاروں کا استعمال کرنا (یعنی انگلی سے بتانا، ہاتھ بڑھانا)، الفاظ اور چہرے کے تاثرات کا استعمال کرنا۔ یہاں ہم کچھ طریقے دے رہے ہیں جنہیں ممکن ہے آپکا بچہ ترسیل کیلئے استعمال کرے۔

- کسی چیز کیطرف دیکھنا، اسکی طرف ہاتھ بڑھانا یا کسی شئے، حرکت، فرد یا تصویر کیطرف انگلی سے اشارہ کرنا۔
- کسی چیز کیطرف کسی فرد کو کھینچنا
- کسی آئٹم کے قریب تر ہونا
- چہرے کا تاثر
- آنکھوں کے ذریعہ اتصال
- آوازوں اور حرکت کی نقل
- لفظوں کا استعمال کرنا
- چلانا اور جھلانا
- ایسے رویوں کا اظہار کرنا جیسے دور بھاگنا، مارنا یا کاٹنا
- ہاتھوں کے ذریعہ اشارہ کرنا (اشاروں کی زبان)

مختلف وجوہات کی بنا پر آپکی بچی ایک ہی طریقہ ترسیل استعمال کرسکتی ہے، مثال کیلئے وہ چلا سکتی ہے جب وہ غصہ میں ہو یا کسی چیز کو کھانا نہیں چاہتی ہو۔

بچہ کیوں کمیونیکیٹ کرتا ہے:

ہم ایک دوسرے سے گفتگو کرتے ہیں اسکی کئی وجوہات ہیں۔ کچھ وجوہات میں درج ذیل شامل ہیں جنکی وجہ سے آپکا بچہ بات کرتا ہے:

- کسی چیز کی مانگ کرنے کیلئے یا کسی قسم کے عمل کیلئے
- آرام چاہنے کیلئے
- جانکاری چاہنے کیلئے
- مخالفت (ظاہر کرنا کہ وہ کیا نہیں چاہتے ہیں)
- کسی کا خیر مقدم کرنے کیلئے
  کسی دلچسپی میں حصہ لینے کیلئے
- اپنے احساسات کا اظہار کرنے کیلئے

زبان کو سمجھنے میں اپنے بچے کی مدد کرنا

کسی بچے کی ابتدائی تعلیم، دیکھنے، سننے، چھونے، چکھنے اور سونگھنے جیسے تجربوں سے ہوتی ہے۔ عام طورپر بچے کئی الفاظ کو انکے بولنے سے پہلے سمجھنے لگتے ہیں۔ ایک جیسی حالت کیلئے ایک ہی طرح کے الفاظ کو بار بار سننا فراہم کرنا آپکے بچے کی سمجھ کو بڑھانے میں مددگار ہوسکتا ہے۔ کسی لفظ کو کہنے کے قابل ہونے سے پہلے آپ جس چیز کا نام لیتے ہیں وہ اسکی طرف دیکھتی، لپکتی ہے۔ مثال کے طورپر، جب آپ کہتے "دودھ" تو وہ اپنی بوتل کیطرف دیکھتی ہے کیونکہ یہ الفاظ اس بوتل سے متعلق ہے۔ یہ اسکے لئے کسی لفظ کو

سمجھنے کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

اپنی باتوں کو سمجھانے کیلئے آپ اپنے بچے کی مدد کرسکتے ہیں بذریعہ:

- اپنے بچے کے آمنے سامنے رہنا جب آپ اس سے بات کررہے ہوں۔
- اپنے الفاظ کے ساتھ)کرسی تھپتھپانا جب کہیں کہ بیٹھ جاؤ یہ واضح کرنے کیلئے کہ آپ کیا کرنا چاہتے ہیں) اشاروں، چیزوں یا تصویروں کا استعمال کرکے۔
- وہ کیا کررہی ہے یا کس چیز میں دلچسپی لے رہی ہے اسکا نام لینا (یعنی کہیں "جیسیکا پینٹنگ کررہی ہے" جب وہ یہ کررہی ہو)
- اس سے متعلقہ لفظ دینا (یعنی "اوپر، اوپر" جب آپکی بچی اینٹوں کا استعمال کرکے ٹاور بنارہی ہو)۔
- دھیرے دھیرے اور واضح طور پر بولنا اور کچھ لفظوں کو باربار دہرانا (یعنی "آنکھیں لگاؤ" جب آپ یا آپکی بچی آلو کے سروالے کھلونے میں آنکھ لگارہی ہو)۔
- اہم الفاظ پر زور دینا (یعنی "جوس چاہئے")۔
- اسکو بتانا کہ ماحول میں کیا ہے (یعنی لفظ "بس" کہنا جب وہ کسی جانے والی بس کیطرف دیکھے)۔

بات کرنے کیلئے اپنے بچے کی مدد کرنا

ایک بار جب آپکی بچی لفظوں کا استعمال کرنا شروع کردیتی ہے تو وہ آپ جو کہیں گے اسکی نقل کرسکتی ہے یا اسے آزادانہ استعمال کرسکتی ہے۔ شروع میں، تلفظ (جس طرح وہ لفظ کو ادا کرتا ہے) غلط ہوسکتا ہے۔ یاد رکھیں کہ بات چیت شروع کرنے میں وقت لگ سکتا ہے اور والدین اور بچوں کیلئے مایوس کن ہوسکتا ہے۔

اپنی بات کا اظہار کرنے میں اپنے بچے کی مدد کرسکتے ہیں بذریعہ:

- آپکی باتو ں کا جواب دینے کیلئے اسکو وقت دینا۔ ایک بار پوچھیں اور انتظار کریں۔
- اسکے الفاظ اور حرکات کی نقل کرنا۔
- وہ کیا کہنا چاہتی ہے اسکی وضاحت چاہنا (یعنی اگر وہ کہتی ہے "اوہ-اوہ" کسی چیز کیطرف اشارہ کرتے ہوئے جو گرجاتی ہے، اسے بتائیں "نیچے گرنا")۔
- جملہ کا آخری لفظ چھوڑدیں اور اسے پورا کرنے کیلئے

بچے کی حوصلہ افزائی کریں۔ ("بس کے پہئے ______ ")۔

- بات کہنے کی اسکی کوشش کے تئیں رد عمل ظاہر کرنا۔ وہ کیا کہتی ہے پر تبصرہ کریں۔
- اسے انتخاب کرنے کی پیشکش کرنا (یعنی "کیا تم دودھ یا جوس لینا چاہتی ہو؟")۔
- جو کچھ وہ کہتی ہے اسمیں لفظ جوڑنا (یعنی اگر وہ کہتی ہے "کتا" تو آپ کہیں "بڑا کتا")۔